اللہ تعالیٰ نے ہر مسلمان بالغ مرد وعورت پر روزانہ پانچ اوقات کی نمازیں فرض فرمائی ہیں، جیسا کہ قرآن کریم میں بے شمار جگھوں پر اللہ جل شانہ نے ہمیں نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے مثلاً: یقیناً نماز مؤمنوں پر مقررہ وقتوں میں فرض ہے۔ (سورہ النساء -103)

نماز کو قائم کرو آفتاب کے ڈھلنے سے لیکر رات کی تاریکی تک اور فجر کا قرآن پڑھنا بھی۔ یقیناً فجر کا قرآن پڑھنا حاضر کیا گیا ہے، یعنی اس وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔۔۔۔ (سورہ بنی اسرائیل 78) مفسرین نے لکھا ہے کہ اس آیت میں دلوک الشمس سے ظہر اور عصر کی نمازیں، غسق اللیل سے مغرب اور عشاء کی نمازیں اور قرآن الفجر سے فجر کی نماز مراد ہے۔

دن کے دونوں سروں میں نماز قائم رکھ اور رات کے کچھ حصہ میں بھی۔ یقیناً نیکیاں برائیوں کو دور کردیتی ہیں۔ (سورہ ہود-114)

نماز کے اوقات، رکعات اور طریقہ نماز کا تفصیلی ذکر قرآن کریم میں بیان نہیں کیا گیا ہے بلکہ قرآن کریم کے مفسر اول رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اقوال وافعال سے مکمل وضاحت کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول وعمل بھی اللہ تعالیٰ کی وحی ہی ہوتا ہے، جیسا کہ قرآن میں

دنیا کی تمام یونیورسٹیز کے لیے انٹرن شپ رپورٹس، پروپوزل، پراجیکٹ اور تھیسز وغیرہ بھی آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تمام کلاسز کی حل شدہ اسائنمنٹس۔ گیس پیپرز فری میں ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور آن لائن ایل ایم ایس کی مشقیں دستیاب ہیں۔

ہے: آپ تو وحی کے بغیر لب کشائی ہی نہیں کرتے۔ (سورہ النجم 4-3)۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو دو دن نماز پڑھائی، پہلے دن تمام نمازیں اول وقت میں اور دوسرے دن تقریباً آخری وقت میں ادا فرمائیں اور ارشاد فرمایا کہ تمہاری پانچوں نمازوں کے وقت انہی اوقات کے درمیان میں ہے، جن کو تم نے دیکھا (مسلم۔ کتاب المساجد)۔

پانچوں نمازوں کے اوقات:

نمازِ فجر: صبح صادق سے لے کر سورج کے طلوع ہونے تک۔

زمان و مکان کے اختلاف کے ساتھ عموماً ایک گھنٹہ 20 منٹ سے لیکر ایک گھنٹہ 30 منٹ تک نمازِ فجر کا وقت رہتا ہے

نمازِ ظہر: زوالِ آفتاب (سورج کے ڈھلنے) سے نمازِ عصر کا وقت شروع ہونے تک۔

نمازِ عصر: جب ہر چیز کا سایہ اصلی سایہ کے علاوہ دو مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم ہو کر عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور غروبِ آفتاب تک رہتا ہے۔۔۔ احادیث کی روشنی میں ظہر کا وقت ختم ہونے اور عصر کا وقت شروع ہونے میں اختلاف ہے، موجودہ رائے امام ابوحنیفہ کی ہے۔ دیگر علماء کی رائے یہ ہے کہ جب ہر چیز کا سایہ اصلی سایہ کے علاوہ ایک مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم ہو کر عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ البتہ تمام علماء اس بات پر متفق ہیں کہ نمازِ عصر کی اتنی تاخیر سے ادائیگی کرنا کہ سورج زرد ہو جائے، مکروہ ہے۔

نمازِ مغرب: غروبِ آفتاب سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک۔ البتہ احادیث میں مذکور ہے کہ نمازِ مغرب میں زیادہ تاخیر کرنا مکروہ ہے۔

نمازِ عشاء: سورج چھپنے کے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد سے صبح صادق تک۔ البتہ آدھی رات کے بعد عشاء کی نماز کے لئے مکروہ وقت شروع ہو جاتا ہے۔ نمازِ وتر کا وقت بھی صبح صادق تک ہے، البتہ وتر نمازِ عشاء کی ادائیگی کے بعد ہی پڑھ سکتے ہیں۔

اوقاتِ مکروہ: نماز کے مکروہ اوقات پانچ ہیں: ان میں سے تین ایسے ہیں جن میں فرض اور نفل دونوں نمازیں مکروہ تحریمی ہیں۔ وہ تین اوقات یہ ہیں:

☆ سورج کے طلوع ہونے کے وقت۔

☆ زوالِ آفتاب کے وقت۔

☆ سورج کے غروب ہونے کے وقت۔

وضاحت: اگر عصر کی نماز نہیں پڑھی یہاں تک کہ سورج کے غروب ہونے کا وقت قریب آ گیا تو کراہت کے ساتھ اس دن کی عصر کی نماز سورج کے ڈوبنے کے وقت بھی ادا کی جا سکتی ہے۔ ان اوقات کے علاوہ دو اوقات ایسے ہیں کہ جن میں صرف نفل نماز پڑھنا مکروہ ہے، البتہ فوت شدہ فرض نماز کی قضا کی جا سکتی ہے۔

☆ نمازِ فجر کے بعد سے طلوعِ آفتاب تک۔

☆ عصر کی نماز کے بعد سے سورج کے غروب ہونے تک۔

حضرت عمرو سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! مجھے ایسی چیز بتلایئے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتائی ہو اور مجھے معلوم نہ ہو، خاص طور پر نماز کے متعلق بتلایئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: صبح کی نماز پڑھ کر کوئی اور نماز پڑھنے سے رُکے رہو تا آنکہ آفتاب طلوع ہو کر بلند ہو جائے، کیونکہ آفتاب شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور اس وقت سورج پرست کفار اسے سجدہ کرتے ہیں۔ جب سورج کچھ بلند ہو جائے تو پھر نماز پڑھو کیونکہ ہر نماز بارگاہِ الٰہی میں پیش کی جاتی ہے، البتہ جب نیزہ بے سایہ ہو جائے (زوال کے وقت) تو نماز نہ پڑھو، کیونکہ یہ جہنم کو دہکانے کا وقت ہے اور جب سایہ بڑھنا شروع ہو جائے تو پھر نماز پڑھو، کیونکہ نماز اللہ کے حضور پیش کی جاتی ہے۔ جب عصر کی نماز پڑھ چکو تو پھر دوسری نماز سے رک جاؤ تا آنکہ سورج غروب ہو جائے، کیونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے اور اس وقت سورج پرست کفار سورج کو سجدہ کرتے ہیں۔ مسلم، الاوقات التی نہی عن الصلاۃ فیھا

حضرت ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: صبح کی نماز کے بعد آفتاب کے بلند ہونے تک اور کوئی نماز نہیں ہے اور عصر کی نماز کے بعد غروبِ آفتاب تک اور کوئی نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے۔ (بخاری، لا یتحری الصلاۃ قبل الغروب)۔

مسئلہ: اگر فرض نماز اس کے وقت مقرر پر ادا نہ کی گئی تو وقت نکل جانے کے بعد بھی پڑھنی ہوگی، البتہ یہ ادا نہیں بلکہ قضا ہوگی۔ یاد رکھیں کہ نماز کو شرعی عذر کے بغیر وقت پر ادا نہ کرنا گناہ کبیرہ ہے اگرچہ بعد میں قضا کر لی جائے، لیکن قضا بھی نہ کرنا اس سے بھی بڑا گناہ ہے، قرآن و حدیث میں سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نمازوں کو وقت پر ادا کرنے والا بنائے، آمین۔

Download Free Assignments from solvedassignmentsaiou.com 0334-5504551

دنیا کی تمام یونیورسٹیز کے لیے انٹرن شپ رپورٹس، پروپوزل، پراجیکٹ اور تھیسز وغیرہ بھی آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تمام کلاسز کی حل شدہ اسائنمنٹس ،گیس پیپرز فری میں ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور آن لائن ایل ایم ایس کی مشقیں دستیاب ہیں۔

سوال نمبر 4۔ مسجد کے آداب تفصیلاً لکھیں۔ **(20)**

جواب: مساجد کے کچھ احکام، مسائل اور آداب ہیں، پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اقوال وافعال کے ذریعے کچھ مسائل وآداب درج ذیل ہیں۔

1۔ فرمانِ الٰہی ہے: بے شک اللہ تعالیٰ کی مساجد وہ شخص بناتا ہے جو اللہ وآخرت پر ایمان لاتا ہے۔نماز پڑھتا اور زکوٰۃ ادا کرتا ہے اور سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی سے نہیں ڈرتا۔یہی لوگ ہدایت پانے والے ہیں (سورۃ توبہ)۔

2۔ اور فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے:''آدمی کی مسجد میں نماز (باجماعت) اس کے گھر کی نماز سے اور بازار کی نماز سے پچیس گنا بڑھ کر اجر وثواب والی ہوتی ہے۔اور یہ اس لئے ہے کہ جب بندہ وضو کرے اور اچھا وضو کرے۔پھر مسجد جائے صرف نماز کے لئے تو اس کے ہر قدم کے بدلے اللہ تعالیٰ ایک نیکی بڑھا دیتا ہے اور ایک گناہ مٹا دیتا ہے۔اور جب تک نماز میں ہے تو اس وقت تک فرشتے اس کے لئے رحمت کی دعائیں مانگتے رہتے ہیں۔اور اس کے مصلّی پر موجود ہونے تک کہتے رہتے ہیں کہ اے اللہ اس پر رحمت وبرکت نازل فرما۔اور جب تک کوئی نماز کا منتظر رہے تو وہ بھی نماز میں ہی ہے (بخاری ومسلم)۔

3۔ فرمانِ الٰہی ہے: اے بنی آدم! مسجد میں جاتے وقت زیب وزینت کو اپناؤ۔کھاؤ پیو لیکن فضول خرچی نہ کرو۔اللہ تعالیٰ فضول خرچی کو پسند نہیں فرماتا''۔(الاعراف)

4۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''بے شک اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند فرماتا ہے۔تکبر حق بات کو ٹھکرانے اور لوگوں کو حقیر سمجھنے کا نام ہے''(صحیح مسلم)۔

5۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''جب تم نماز پڑھو تو دونوں لباس پہنو بے شک اللہ تعالیٰ کے لئے زینت اختیار کرنا زیادہ ضروری ہے (یعنی شلوار قمیض دونوں پہنو یا مکمل لباس پہنو)۔(سلسلۃ الصحیحہ۔طبرانی)۔

6۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''تم میں سے جب کوئی جمائی لے تو اپنے منہ کو ہاتھ سے ڈھانپ دے۔کیونکہ شیطان داخل ہو جاتا ہے''(صحیح مسلم)۔(مراد ہے جراثیم اور بیماریوں والے وائرس نہ داخل ہوں۔ازمترجم)۔

7۔ فرمایا:''جو شخص یہ سبزی (کچی پیاز) کھائے وہ ہماری مسجدوں میں نہ آئے''۔(یعنی بدبودار مہک پیدا ہوتی ہے جس سے نمازیوں کو تکلیف ہوتی ہے۔اسی طرح سگریٹ،نسوار،گٹکے سے بھی بدبو ہوتی ہے۔ازمترجم)۔

8۔ فرمایا:''اگر میری اُمت پر مشکل نہ ہوتا تو میں ہر نماز کے لئے مسواک کرنے کا حکم دیتا۔(بخاری)۔مزید فرمایا:''مسواک منہ کی پاکیزگی اور ربّ کی رضامندی ہے''(نسائی)۔

9۔ فرمایا:''اذان اور اقامت کے درمیان دعائیں رَدّ نہیں ہوتیں۔لہٰذا دعا مانگا کرو''(بخاری)۔

10۔ فرمایا:''جب امام (نماز میں) آمین کہے تو تم بھی آمین کہو بے شک جس کی آمین فرشتوں کی آمین سے مل گئی تو اس کے پچھلے تمام گناہ معاف ہوں گے''۔(بخاری ومسلم)۔

11۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''کیا میں تمہیں خبر نہ دوں کہ کونسی چیز خطاؤں کو مٹانے اور درجات کو بڑھانے والی ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی! جی ہاں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکلیف کے وقت مکمل وضو کرنا، مساجد کی طرف کثرت سے قدم بڑھانا، ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا، یہی تو رباط ہے''(مسلم)۔

12۔ فرمایا:''نماز کا سب سے زیادہ اجر لینے والے وہ لوگ ہیں جو سب سے زیادہ دور سے چل کر آتے ہیں۔جو شخص نماز کا انتظار کرتا رہتا ہے تاکہ وہ امام کے ساتھ پڑھ سکے، وہ نماز (اکیلے میں) پڑھ کر سو جانے والے سے بہت زیادہ اجر والا ہے''(صحیح مسلم)۔

13۔ فرمایا:''جو لوگ دنیا میں مسجد کی طرف اندھیرے میں چل کر آتے ہیں، ان کو قیامت کے دن مکمل نور کی خوشخبری سنا دو''(صحیح مسلم)۔

14۔ فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے:''جب تم اقامت سنو تو نماز کی طرف چل پڑو۔لیکن سکون ووقار کو ملحوظ خاطر رکھو۔تیز تیز دوڑ کر نہ آؤ۔جو نماز مل جائے وہ پڑھ لو اور جو فوت ہو جائے وہ مکمل کر لو۔(بخاری ومسلم)۔

0334-5504551
Download Free Assignments from
solvedassignmentsaiou.com

میٹرک سے لیکر ایم اے، ایم ایس سی، ایم فل تک تمام کلاسز کی تمام معلومات مفت میں حاصل کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ کا وزٹ کریں

میٹرک، ایف اے، آئی کام، بی اے، بی کام، بی ایڈ، بی ایس، ایم اے، ایم ایڈ، ایم ایس سی، پی ایچ ڈی اسائنمنٹس ویب سائٹ سے مفت میں ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور ایل ایم ایس کی انفرادی امتحانی مشقوں کے لیے اکیڈمی کے نمبر پر رابطہ کریں

دنیا کی تمام یونیورسٹیز کے لیے انٹرن شپ رپورٹس، پروپوزل، پراجیکٹ اور تھیسز وغیرہ بھی آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تمام کلاسز کی حل شدہ اسائمنٹس ، گیس پیپرز فری میں ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور آن لائن ایل ایم ایس کی مشقیں دستیاب ہیں۔

15۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب کوئی شخص بہترین وضو کر کے مسجد کی طرف نکلتا ہے تو اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو باہم نہ ملائے کیونکہ وہ نماز میں ہے (ابوداؤد، صححہ الالبانی)۔ (یعنی کہ وہ نماز میں ہے لہٰذا کوئی فضول کام نہ کرے)۔

16۔ فرمایا: ''تم میں جو عقلمند اور فہم و فراست والے ہیں وہ نماز میں میرے قریب کھڑے ہوں۔ پھر ان کے بعد والے پھر ان کے بعد والے (صحیح مسلم)۔ یعنی پڑھے لکھے سمجھدار لوگ امام کے قریب کھڑے ہوں۔ (از مترجم)۔

17۔ اُمّ المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر ممکن کوشش کر کے دائیں طرف کو پسند کرتے تھے۔ مثلاً وضو کرتے ہوئے، کنگھی کرتے ہوئے اور جوتا پہنتے ہوئے'' (بخاری)۔

18۔ فرمایا: ''جب کوئی مسجد میں داخل ہو تو کہے: **اَللّٰھُمَّ افتَح لِی اَبوَابَ رَحمَتِكَ** اور جب نکلے تو کہے: **اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسئَلُكَ مِن فَضلِكَ** (مسلم)۔

19۔ فرمایا: ''اگر لوگ جان لیں کہ اذان دینے اور صف اول میں کھڑا ہونے کا کیا اجر ہے تو ضرور وہ قرعہ اندازی کر کے اس عمل میں حصہ لیں۔ اگر لوگ جان لیں کہ جلد نماز کے لئے جانے اور عشاء و فجر کا کیا اجر و ثواب ہے تو اگر ان کو گھسٹ گھسٹ کر آنا پڑے تو بھی ضرور آئیں۔

20۔ فرمایا: ''مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں نماز پڑھنا ایک ہزار نمازوں سے بڑھ کر یا اس جیسی ہے۔ یہ اہمیت مسجد حرام کے علاوہ تمام مساجد کے بارے میں ہے'' (بخاری و مسلم)۔

21۔ فرمایا: ''جب کوئی مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت ضرور پڑھے'' (بخاری و مسلم)۔

22۔ فرمایا: ''جب نماز کھڑی ہو جائے تو فرض نماز کے علاوہ کوئی اور نماز نہیں ہو سکتی''۔ یعنی سنت و نوافل نہیں پڑھے جا سکتے۔ (صحیح مسلم)۔

23۔ فرمایا: ''جب کوئی نماز پڑھنے لگے تو اپنے سترے کے قریب ہو کر پڑھے۔ اور کسی کو اپنے آگے سے گذرنے نہ دے۔ اگر کوئی گذرے تو اس کو روک دے کیونکہ وہ شیطان ہے'' (ابوداؤد)۔

24۔ فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ جگہ مسجد اور سب سے ناپسندیدہ جگہ بازار ہے''۔ (مسلم)۔

25۔ فرمایا: ''بے شک یہ مساجد اس قسم کے پیشاب پاخانے کیلئے نہیں بنائی گئیں۔ بے شک یہ تو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے بنائی گئی ہیں۔ اور نماز و قرآن کے لئے بنائی گئی ہیں۔ (بخاری و مسلم)۔

26۔ فرمایا: ''جب تم دیکھو کہ کوئی شخص مسجد میں خرید و فروخت کر رہا ہے تو کہو: اللہ تمہاری تجارت میں فائدہ نہ پہنچائے۔ اور کوئی گمشدہ چیز کا اعلان کر رہا ہو تو کہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں نہ لوٹائے''۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اپنی صفوں کو سیدھا کرو، بے شک صفوں کا سیدھا کرنا نماز کو مکمل کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)۔

27۔ سیدنا ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر فرماتے: ''سیدھے ہو جاؤ، باہم اختلاف نہ کرو، وگرنہ اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں میں اختلاف ڈال دے گا''۔

28۔ سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم لازماً صفوں کو برابر کرو وگرنہ اللہ تمہارے اندر اختلاف ڈال دے گا'' (بخاری و مسلم)۔

29۔ فرمایا: ''صفوں کو سیدھا کرو، کندھوں کو برابر کرو، ایک دوسرے کے درمیان خلل کو بند کرو۔ اور شیطان کے لئے راستہ نہ چھوڑو۔ جو صف کو ملاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ملاتا ہے۔ اور جو صفوں کو قطع کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اُس کو قطع کر دیتا ہے''۔ (ابوداؤد، نسائی۔ صححہ الالبانی)۔

30۔ فرمایا: ''بے شک اللہ تعالیٰ اور فرشتے ان لوگوں پر رحمت بھیجتے ہیں جو صفوں کو ملاتے ہیں''۔

31۔ فرمایا: ''امام بنایا ہی اس لئے جاتا ہے کہ تاکہ تم اس کی اقتداء کرو، جب وہ تکبیر کہے تو تم تکبیر کہو اور جب وہ قر؟ ت شروع کرے تو تم خاموش ہو جاؤ'' (صحیح مسلم)۔

32۔ فرمایا: ''جو شخص سورہ فاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز نہیں ہوتی'' (بخاری و مسلم)۔

33۔ فرمایا: ''اکیلے نماز پڑھنے کے مقابلے میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا 27 گنا زیادہ فضیلت والا ہے''۔ (بخاری و مسلم)۔

34۔ سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں اعتکاف کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خیمے میں تھے کہ آپ نے سنا لوگ اونچی آواز سے قرأت کر رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیمے کا پردہ ہٹایا اور فرمایا: خبردار تم میں سے ہر شخص اپنے رب کے

میٹرک سے لیکر ایم اے ایم ایس سی ایم فل تک تمام کلاسز کے داخلوں سے لیکر ڈگری کے حصول تک کی تمام معلومات مفت میں حاصل کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ کا وزٹ کریں

میٹرک، ایف اے، آئی کام، بی اے، بی کام، بی ایڈ، بی ایس، ایم اے، ایم ایڈ، ایم ایس سی، پی ایچ ڈی کی اسائنمنٹس ویب سائٹ سے مفت میں ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور ایل ایم ایس کی انفرادی امتحانی مشقوں کے لیے اکیڈمی کے نمبر پر رابطہ کریں

0334-5504551 Download Free Assignments from solvedassignmentsaiou.com

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تمام کلاسز کی حل شدہ اسائنمنٹس ،گیس پیپرز فری میں ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور آن لائن ایل ایم ایس کی مشقیں دستیاب ہیں۔

ساتھ مناجات کر رہا ہے لہٰذا کوئی کسی کو تکلیف نہ دے۔اور اپنی قرأت کی آواز بلند نہ کرے"۔(مسند احمد،سلسلۃ الصحیحۃ)۔

35۔ فرمایا:"ہر مسلمان پر لازم ہے کہ وہ سات دنوں میں سے ایک دن نہائے۔سر اور جسم کو دھوئے (بخاری و مسلم)۔

36۔ فرمایا:"جو شخص جمعۃ المبارک کے لئے آئے وہ غسل کرے" (بخاری و مسلم)۔

37۔ فرمایا:"جو شخص بہتر طریقے سے وضو کرے، پھر جمعہ کے لئے آئے، کان لگا کر سنے، خاموش رہے، تو اس کو اگلے جمعے تک مزید تین دن تک بخش دیا جائے گا (صغیرہ گناہوں کو) اور جو کنکریوں سے کھیلتا رہا تو اس نے لغو (اور فضول) کام کیا" (مسلم)۔

38۔ فرمایا:"اپنی عورتوں کو مسجد جانے سے نہ روکو۔اور ان کے گھر ان کے لئے بہتر ہیں" (ابوداؤد، مسند احمد)۔

39۔ فرمایا:"جب کوئی عورت مسجد میں آئے تو وہ خوشبو نہ لگائے"۔

40۔فرمایا: "مردوں کی پہلی صف بہترین ہے اور آخری بدتر ہے۔عورتوں کی آخری صف اچھی ہے اور پہلی صف بدتر ہے" (مسلم)۔

41۔فرمایا: "جب کوئی نماز پڑھے تو اپنے آگے کوئی چیز بطور سترہ رکھ لے جیسا کہ سواری کا پالان ہوتا ہے۔اگر کوئی سترہ نہ ہو تو نماز کو گدھا، عورت اور سیاہ کتا قطع کر سکتا ہے"۔(راوی) میں نے ابوذر سے سوال کیا کہ یہ کالے کتے کو لال پیلے کتوں سے علیحدہ کیوں کیا گیا ہے؟ تو ابوذر نے فرمایا: "میں نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال پوچھا تھا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: "کالا کتا شیطان ہوتا ہے" (صحیح مسلم)۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان آداب مسجد پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ ہماری نمازیں قبول ہوں۔اللہ تعالیٰ کاتب، مترجم اور تمام مسلمانوں کو اس رسالے کے ذریعے خیر کثیر عطا فرمائے۔اللہ تعالیٰ ہمارے قول و عمل میں اخلاص پیدا فرمائے آمین۔

سوال نمبر5۔ نماز میں قرات" پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ **(20)**

جواب: نماز میں قرآت کا بیان: نماز ادا کرنے کا اجمالی حکم قرآن مجید میں دیا گیا ہے اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے تفصیلی احکام بیان کیے ہیں۔آپ ﷺ نے نماز ادا کرنے کا طریقہ بھی تفصیل سے بتایا ہے اور خود بھی نماز پڑھ کر دکھائی ہے۔حضرت مالک بن حویرثؓ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک وفد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ہم لوگ 20 دن ٹھہرے اور آپ ﷺ سے دین سیکھتے رہے۔جب واپس اپنے گھروں کو جانے لگے تو آپ ﷺ نے ہمیں مختلف ہدایات دیں، جن میں یہ بھی فرمایا:

صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي (بخاری:631) جس طرح مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے، اسی طرح نماز پڑھنا۔

نماز فجر میں، اسی طرح مغرب اور عشاء کی ابتدائی دو رکعتوں میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز سے قراءت کرتے تھے۔صحابہ کرامؓ نے بھی اس پر عمل کیا اور اسی پر اب تک عمل چلا آ رہا ہے۔اس کی کیا حکمت ہے؟ احادیث میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا۔حضرت ابوہریرہؓ کے کسی شاگرد نے ان سے سوال کیا کہ کیا ہر رکعت میں قرآن پڑھا جاتا ہے؟ اگر ہاں، تو بعض رکعتوں میں بلند آواز سے اور بعض میں بغیر آواز کے کیوں تلاوت کی جاتی ہے؟ انھوں نے جواب دیا:

فِي كُلِّ صَلَاةٍ يُقْرَأُ ، فَمَا أَسْمَعَنَا رَسُولُ اللهِ أَسْمَعْنَاكُمْ وَمَا أَخْفَى عَنَّا أَخْفَى عَنْكُمْ۔

(بخاری:772، مسلم:396)

"نماز (کی ہر رکعت) میں قراءت کی جاتی ہے۔جن رکعتوں میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی بلند آواز سے قراءت کی کہ لوگ سن لیں، ان میں ہم بھی بلند آواز سے قراءت کرتے ہیں، اور جن رکعتوں میں بغیر آواز کے قراءت کی ہے ان میں ہم بھی ایسا ہی کرتے ہیں"۔

بعض علما نے ظہر و عصر کی نمازوں میں خاموشی سے قراءت کرنے اور دیگر نمازوں میں جہری قراءت کرنے کی حکمت بیان کی ہے۔شاہ ولی اللہؒ نے لکھا ہے:

ظہر اور عصر میں خاموشی سے قراءت کرنے کی حکمت یہ ہے کہ دن میں بازاروں اور گھروں میں شور و شغب رہتا ہے، جب کہ دیگر نمازوں کے اوقات میں ماحول پرُسکون رہتا ہے۔اس لیے ان میں جہری قراءت کا حکم دیا گیا تا کہ قرا?ن سن کر لوگوں کی تذکیر ہو اور وہ عبرت و نصیحت حاصل کریں۔(حجۃ اللہ البالغۃ، القاہرہ، ج۲، ص۲۰۰۵، ۱۵ء)

بہر حال نماز کا اجمالی حکم تو قرآن کریم میں موجود ہے، لیکن اس کے تفصیلی احکام اور طریقہ ادائیگی ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے۔اس لیے ہمیں ٹھیک اسی طرح نماز ادا کرنی ہے جیسے آپ ﷺ ادا کرتے تھے۔اس کی تفصیل درج ذیل نکات میں بیان کی جائے گی:

1۔ یعنی حالتِ اقامت (یعنی حضر) میں جبکہ اطمنان ہو تو سنت یہ ہے کہ نماز فجر کی دونوں رکعتوں میں الحمد کے علاوہ چالیس یا پچاس آیتیں پڑھے اور

دنیا کی تمام یونیورسٹیز کے لیے انٹرن شپ رپورٹس، پروپوزل، پراجیکٹ اور تھیسز وغیرہ بھی آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تمام کلاسز کی حل شدہ اسائنمنٹس ،گیس پیپرز فری میں ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور آن لائن ایل ایم ایس کی مشقیں دستیاب ہیں۔

ایک روایت کے مطابق ساٹھ سے سو تک پڑھے ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں بھی فجر کے مثل یا اس سے کم پڑھے،عصر اور عشا کی پہلی دو رکعت میں الحمد کے سوا پندرہ یا بیس آیتیں اور مغرب میں پہلی دو رکعتوں میں سے ہر رکعت میں پانچ آیتیں یا کوئی چھوٹی صورۃ پڑھے، یہ آیتوں کی مقدار کے لحاظ سے قرآت مسنونہ کا ذکر تھا سورتوں کے لحاظ سے قرآت مسنونہ یہ ہے کہ فجر اور ظہر میں طوال مفصل پڑھے جو سورۃ حجرات سے سورۃ بُروج تک ہیں،عصر اور عشا میں اوساط مفصل پڑھے جو والطارق سے لم یکن تک ہیں،اور مغرب میں قصار مفصل پڑھے وہ اذا زلزلت الارض سے آخر قرآن یعنی والناس تک ہیں، یہ دونوں طریقے سنت ہیں لیکن مفصلات کا اختیار کرنا مستحسن ہے

2۔ اگر حالتِ اقامت میں اطمنان نہ ہو مثلاً وقت کی تنگی ہو یا اپنی جان و مال کا خوف ہو تو سنت یہ ہے کہ اس قدر پڑھ لے جس سے وقت اور امن فوت نہ ہو جائے

3۔ حالت سفر میں اگر اطمنان ہو مثلاً وقت میں وسعت اور امن وقرار ہے تو قرآت مسنونہ میں سے جس کا ذکر حالتِ اقامت میں ہوا ادنٰی درجہ اختیار کرے مثلاً فجر وظہر میں طوالِ مفصل کی کوئی چھوٹی سورۃ مثلاً سورۃ بروج یا انشقاق یا اس مانند کوئی اور سورۃ دونوں رکعتوں میں پڑھے عصر وعشا میں اوساط مفصل میں سے کوئی چھوٹی سورۃ اور مغرب میں بہت چھوٹی سورتیں پڑھے

4۔ اگر سفر میں اطمنان نہ ہو تو حسبِ حال وضرورت جو بھی سورۃ چاہے پڑھ لے خواہ سب سے چھوٹی سورۃ ہو یا کم سے کم تین آیتیں یا جو قرائت تین آیتوں کی مقدار ہو پڑھ لے

5۔ قرآت مسنونہ کا حکم فرضوں میں منفرد کے لئے بھی وہی ہے جو امام کے لئے ہے

6۔ امام کو چاہئے کہ سنت قرآت پر زیادتی کر کے مقتدیوں پر نماز بھاری نہ کرے

7۔ فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں دوسری رکعت سے طویل قرآت کرے باقی نمازوں میں برابر کرے بعض کے نزدیک اس پر فتوٰی ہے اور بعض کے نزدیک فتوٰی اس پر ہے کہ سب نمازوں میں پہلی رکعت دوسری سے طویل کرے

8۔ دوسری رکعت کو پہلی رکعت پر تین آیتوں کی مقدار یا اور زیادہ لمبا کرنا مکروہِ تنزیہی ہے اس سے کم کی زیادتی مکروہ نہیں

9۔ شریعت نے نماز میں آسانی کے لئے ہر جگہ سے قرآن مجید پڑھنے کی اجازت دی ہے اس لئے نماز کے لئے کوئی سورۃ مقرر کر لینا مکروہ ہے لیکن اگر آسانی کے لئے ہو افضلیت یا متعین کرنے کا گمان نہ ہو تو مکروہ نہیں، جو سورتیں جن نمازوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھنا ثابت ہیں ان کو ان نمازوں میں تبرکاً پڑھا کرے مثلاً فجر کی سنتوں کی پہلی رکعت میں قل یا ایھا الکافرون اور دوسری رکعت میں قل ھو اللہ احد پڑھنا اور نماز وتر میں پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور دوسری میں قل یا ایھا الکافرون اور تیسری میں قل ھو اللہ احد پڑھنا حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور کبھی کبھی ان کے علاوہ بھی پڑھا کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اُن کا ہمیشہ پڑھنا ثابت نہیں ہے، جس شخص کو اپنی مقررہ سورتوں کے سوا دوسری یاد نہ ہوں اس کے لئے بھی مکروہ نہیں، نیز نماز شروع کرنے سے قبل یہ ذہن میں مقرر کر لینا کہ اب میں فلاں فلاں سورۃ پڑھوں گا مکروہ نہیں خواہ امام ہو یا منفرد، پھر اگر پڑھتے وقت اس کے خلاف کرے تب بھی مضائقہ نہیں۔

10۔ افضل یہ ہے کہ ہر رکعت میں پوری سورۃ پڑھے۔

11۔ دو رکعتوں میں ایک ہی سورۃ کو آخر سے پڑھنا یا دو سورتوں کے آخر کا حصہ پڑھنا یا پہلی رکعت میں کسی دوسری سورۃ کے شروع یا درمیان یا آخر کا پڑھنا یا دوسری رکعت میں کوئی چھوٹی سورۃ پڑھنا مثلاً پہلی رکعت میں امن الرسول کا رکوع پڑھے اور دوسری میں سورۃ اخلاص پڑھے تو ان سب سورتوں میں کوئی کراہت نہیں ہے لیکن اولیٰ یہ ہے کہ بلاضرورت ایسا نہ کرے

12۔ ایک رکعت میں ایسی دو سورتوں کا پڑھنا جن کے درمیان ایک یا کئی سورتوں کا فاصلہ ہو مکروہ ہے اگر فاصلہ نہ ہو تو مکروہ نہیں لیکن فرضوں میں ایسا نہ کرنا اولیٰ ہے

13۔ اگر دونوں رکعتوں میں دو سورتیں پڑھے یعنی ہر رکعت میں ایک ایک سورۃ پڑھے اور ان دو سورتوں میں ایک بڑی سورۃ (یعنی چھ آیتوں سے زیادہ والی) یا دو چھوٹی سورتوں کا فاصلہ ہو تو مکروہ نہیں اور اگر ایک چھوٹی سورۃ کا فاصلہ ہے تو مکروہ ہے اور اسی طرح اگر پہلی رکعت میں ایک سورۃ میں سے ایک جگہ سے پڑھے اور دوسری رکعت میں اُسی سورۃ کو دوسری جگہ سے پڑھے تو اگر ان دونوں جگہوں کے درمیان میں دو آیتوں یا زیادہ کا فاصلہ ہو تو مکروہ نہیں لیکن یہ بھی خلاف اولیٰ ہے اور اگر ایک آیت کا فاصلہ ہو تو مکروہ ہے اور اگر ایک ہی رکعت میں ایسا کیا تو خواہ فاصلہ کم ہو یا زیادہ ہر حال میں مکروہ ہے اگر سہواً ایسا ہو جائے تو قرآت کی حالت میں یاد آنے پر لوٹے اور چھوٹی ہوئی آیتوں کو پڑھ کر ترتیب صحیح کرلے

دنیا کی تمام یونیورسٹیز کے لیے انٹرن شپ رپورٹس، پروپوزل، پراجیکٹ اور تھیسز وغیرہ بھی آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تمام کلاسز کی حل شدہ اسائنمنٹس ،گیس پیپرز فری میں ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور آن لائن ایل ایم ایس کی مشقیں دستیاب ہیں۔

14۔ قرآن مجید کو الٹا پڑھنا یعنی ایک رکعت میں ایک سورۃ کا پڑھنا اور دوسری رکعت میں اُس سے پہلے کی کوئی سورت پڑھنا مثلاً پہلی رکعت میں سورۃ اخلاص اور دوسری میں تبت یدا یا النصر یا الکوثر وغیرہ پڑھنا مکروہ ہے، اسی طرح اگر ایک رکعت میں ایک آیت پڑھی اور دوسری رکعت میں یا اسی رکعت میں اس سے اوپر کی آیت پڑھی تب بھی مکروہ ہے، نماز کے باہر بھی اس طرح پڑھنا مکروہ ہے لیکن اگر بھولے سے ہو جائے تو مکروہ نہیں بلکہ اب نماز میں شروع کر دینے کے بعد اس سورۃ کا چھوڑ دینا مکروہ ہے اور خواہ بھول کر ایسا ہوا ہو یا جان بوجھ کر ہو اس پر سجدہ سہو نہیں ہے کیونکہ یہ تلاوت کے واجبات میں سے ہے نماز کے واجبات میں سے نہیں لیکن جان بوجھ کر ایسا کرنے والے کے لئے سخت وعید آئی ہے (بچوں کو یاد کی آسانی کے لئے آخری سیپارہ اخیر کی طرف سے الٹا پڑھاتے ہیں یہ ضرورت کی وجہ سے جائز ہے)

15۔ نماز میں جو سورۃ شروع کر دی اس کو بلا وجہ چھوڑ کر دوسری شروع کرنا مکروہ ہے

16۔ جو سورۃ پہلی رکعت میں پڑھی ہے وہی سورۃ دوسری رکعت میں پڑھ لی تو کچھ حرج نہیں لیکن بلا ضرورت ایسا کرنا بہتر نہیں ہے، یعنی خلاف اولیٰ و مکروہ تنزیہی ہے۔

17۔ ایک سورۃ یا ایک آیت کو ایک رکعت میں بار بار پڑھنا فرض نماز میں مکروہ ہے جبکہ اختیار سے ہو حالتِ عذر یا نسیان میں مکروہ نہیں (کراہت کی تفصیل فرض نمازوں کے لئے ہے نفلوں اور سنتوں میں ان کراہتوں میں سے کوئی صورت مکروہ نہیں ہے)

کاشان اکیڈمی
0334-5504551
Download Free Assignments from
Solvedassignmentsaiou.com

میٹرک سے لیکر ایم اے، ایم ایس سی، ایم فل تک تمام کلاسز کی داخلوں سے لیکر ڈگری کے حصول تک کی تمام معلومات مفت میں حاصل کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ کا وزٹ کریں

میٹرک، ایف اے، آئی کام، بی اے، بی کام، بی ایڈ، بی ایس، ایم اے، ایم ایڈ، ایم ایس سی، پی ایچ ڈی، ایف اے اسائنمنٹس ویب سائٹ سے مفت میں ڈاؤن لوڈ کریں ہاتھ سے لکھی ہوئی اور ایل ایم ایس کی انفرادی امتحانی مشقوں کے لیے اکیڈمی کے نمبر پر رابطہ کریں

دنیا کی تمام یونیورسٹیز کے لیے انٹرن شپ رپورٹس، پروپوزل، پراجیکٹ اور تھیسز وغیرہ بھی آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔